بسم اللہ الرحمن الرحیم
ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ
اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی آلہ وصحبہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک
وبمدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا دعوۃ التوحید صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار — توحید کے داعی — درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

إشارة الى قوله:

" فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ "

(سورة محمد ۱۹)

ای صاحب قول لا إله إلا الله او الاعلام سمی به لانه اعلم الناس ای دلهم علی طریق الهدایة

(شرح المواهب اللدنية للزرقانی ج ۳ ص ۱۲۹)

عن القاسم رضی قال امر رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم ان یصدع بماجاء من عند الله وان ینادی الناس بامره وان یدعوهم الی الله۔ (طبقات الکبریٰ لابن سعد ج ۱ ص ۱۹۹)

اشارہ ہے اس قول کی طرف:

" تو آپ اس کا یقین رکھیے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں "

یعنی حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ کا اعلان کرنے آئے تھے یہ اسم گرامی آپ کا اس لیے رکھا گیا ہے کیونکہ آپ نے لوگوں کو ہدایت کا راستہ دکھایا۔

حضرت قاسم رضی کا بیان ہے کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم ہوا کہ آپ وہ کام کر گزریں جس کا آپ کو اللہ کی طرف سے حکم ہوا ہے اور یہ کہ لوگوں کو اللہ کے حکم کی منادی کریں اور یہ کہ انکو اللہ کی دعوت دیں